Prime Minister Shri NarendraModi and President of the Republic of Seychelles H.E. WavelRamkalawan jointly inaugurate a range of Development Assistance Projects at India-Seychelles High Level Virtual Event (April 8, 2021)

April 08, 2021

وزیر اعظم جناب نریندر مودی اور جمہوریہ سیشلس کے عزت مآب صدر واویل رام کلاون نے ہندوستان – سیشلس کے مابین منعقدہ اعلی سطح کے ورچوئل پروگرام (8 اپریل، 2021) کے موقع پر متعدد ترقیاتی امدادی منصوبوں کا مشترکہ افتتاح کیا

08 اپریل، 2021

وزیر اعظم جناب نریندر مودی نے سیشلس کے عزت مآب صدر واویل رام کلاون کے ساتھ ایک ورچوئل پروگرام میں آج شرکت کی۔ یہ ورچوئل پروگرام سیشلس میں ہندوستان کی مالی اعانت سے چلائے جانے والے متعدد ترقیاتی امداد منصوبوں کے مشترکہ آن لائن افتتاح اور سیشلس کوسٹ گارڈ کے استعمال کے لئے بھارت کی طرف سے فراہم کردہ ایک فاسٹ پٹرول ویسل کے حوالے کرنے کے لئے منعقد کیا گیا تھا۔

ورچوئل ایونٹ کے دوران، وزیر اعظم مودی اور صدر رام کلاون نے سیشلس میں مشترکہ طور پر نئی مجسٹریٹ عدالت کی عمارت کا افتتاح کیا۔ یہ عمارت سیشلس میں ہندوستان کے تعاون سے پہلا انفراسٹرکچر منصوبہ ہے، جو حکومت ہند کی 3.5 ملین امریکی ڈالر کی امداد سے مکمل کیا گیا ہے۔ سیشلس کے دار الحکومت شہر وکٹوریہ کے بیچ میں واقع، ایک جدید ڈیزائن سے لیس اور اعلی معیار کے مطابق، مجسٹریٹس عدالت کی عمارت سیشلس کے نظام عدل کی صلاحیت کو نمایاں طور پر بڑھاوا دے گی اور دونوں ممالک کے مابین باہمی تعاون کا سنگ میل ثابت ہوگی۔

ورچوئل ایونٹ کے دوران وزیر اعظم جناب نریندر مودی نے سیشلس کے صدر کو 48.9 میٹر فاسٹ پٹرول ویسل (ایف پی وی) بھی سونپا۔ جی آر ایس ای، کولکاتہ کے ذریعہ تیار کیا گیا فاسٹ پٹرول ویسل (ایف پی وی) 100 کروڑ کی لاگت سے بنایا گیا ہے، اور اس ہندوستانی گرانٹ امداد کے تحت سیشلس کو تحفہ میں دیا گیا ہے تاکہ اس کی سمندری نگرانی کی صلاحیتوں کو مستحکم کرنے کی فوری ضرورت کو پورا کیا جاسکے۔ نئے اور جدید ترین ٹیکنولوجی سے لیس ویسل سیشلس کوسٹ گارڈ کو اپنے وسیع بحری املاک کو موثر انداز میں گشت کرنے اور حفاظت کرنے میں مدد فراہم کرے گي اور سمندری بحری قزاقی، منشیات اور اسلحہ کی اسمگلنگ اور سیچلس کے پانی میں غیر قانونی طور پر مچھلی پکڑنے جیسے خطرات کا مقابلہ کرنے میں مدد ملے گی۔ بحری جہاز کی فراہمی سمندری تحفظ کے شعبے میں ہندوستان اور سیشلس کے مابین وقت آزمودہ اور گہرے تعاون اور سیشلس کے قابل اعتماد اور ترجیحی سلامتی شراکت دار کے طور پر ہندوستان کے کردار کے مطابق ہے۔

اس تقریب کے دوران، وزیر اعظم اور سیشلس کے صدر نے مشترکہ طور پر سیشلس کے جزائر رومین ویلی میں ہندوستانی گرانٹ کے تعاون سے تعمیر کردہ 1 میگاواٹ کے شمسی توانائی سے چلائے جانے والے شمسی توانائی پلانٹ کا مشترکہ طور پر افتتاح کیا۔ سیشلس میں دس (10) ہندوستانی ہائی امپیکٹ کمیونٹی ڈویلپمنٹ پروجیکٹس (HICDPs) کا افتتاح بھی دونوں معززین نے آن لائن طریقے سے کیا۔

اس موقع پر خطاب کرتے ہوئے، وزیر اعظم مودی نے سیشلس کے ساتھ تعاون کو مزید مستحکم کرنے کے لئے لوگوں کے مفاد پر مبنی انفراسٹرکچر منصوبوں میں ترقی کی شراکت کی اہمیت پر زور دیا۔ وزیر اعظم نے اس بات کا تذکرہ کیا کہ

جدید ڈیزائن اور جدید ترین سہولیات سے آراستہ نیا مجسٹریٹ کورٹ بلڈنگ سیشلس کے عوام کو عدالتی خدمات کی فراہمی کے لئے بہترین جگہ کے طور پر کام کرے گا۔ وزیر اعظم نے کہا کہ سیشلس کو فاسٹ پٹرول ویسل کا تحفہ سیشلس کی سمندری اسپیس کی حفاظت اور سرویلانس کرنے میں اس کی صلاحیتوں کو مستحکم کرنے کے لئے ہندوستان کے عزم کا ثبوت ہے۔

صدر واویل رام کلاون نے سیشلس کی سلامتی اور ترقیاتی ضروریات کو پورا کرنے میں ہندوستان کی مستقل حمایت پر تہ دل سے شکریہ کا اظہار کیا اور کہا کہ یہ دونوں ممالک کے مابین مضبوط اور قریبی تعلقات کی عکاسی کرتا ہے۔

نئے مجسٹریٹ کورٹ بلڈنگ، 1 میگاواٹ کا شمسی توانائی پاور پلانٹ، ہائی امپیکٹ کمیونٹی ڈویلپمنٹ پروجیکٹس (HICDPs) اور فاسٹ پٹرول ویسل کو حوالے کرنے کا آن لائن افتتاح سیشلس کے دیرینہ اور قابل اعتماد شراکت دار کی حیثیت سے ہندوستان کے مستحکم کردار اور گہرے دو طرفہ تعلقات کےلئے اس کے عزم کو ظاہر کرتا ہے۔

اس پروگرام میں مذکورہ تعاون منصوبے وزیر اعظم نریندر مودی کے ’ساگر - خطے میں سب کے لئے سلامتی اور نمو‘ کے وژن کے مطابق ہیں۔

نئی دہلی
08 اپریل، 2021

DISCLAIMER: This is an approximate translation. The original is available in English on MEA’s website and may be referred to as the official press release.